دفاعی چیمپئن کے پی کا نیشنل ٹی ٹوئنٹی میں کامیابیوں کا سفر جاری

راولپنڈی، 25 ستمبر 2021ء:

پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم راولپنڈی میں جاری نیشنل ٹی ٹوئنٹی کے پہلے مرحلے کے پانچویں میچ میں خیبر پختونخوا نے اے ٹی ایف سدرن پنجاب کو بآسانی سات وکٹوں سے شکست دے دی ہے۔ دفاعی چیمپئن کی یہ ٹورنامنٹ میں مسلسل دوسری کامیابی ہے۔

میچ میں چار وکٹیں حاصل کرنے پر عمران خان سینئر کو پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔

فاتح ٹیم نے 153 رنز کا ہدف انیسویں اوور کی چوتھی گیند پر حاصل کرلیا۔ کپتان محمد رضوان اور صاحبزادہ فرحان کی شاندار بیٹنگ نے خیبر پختونخوا کی جیت میں اہم کردار ادا کیا۔ دونوں بیٹرز نے دوسری وکٹ کے لیے 136 رنز کی عمدہ شراکت قائم کی۔

صاحبزادہ فرحان 49 گیندوں پر 73 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ ان کی اننگز میں 6 چوکے اور 4 چھکے شامل تھے۔ کپتان محمد رضوان نے 47 گیندوں پر 64 رنز بنائے۔ ان کی اننگز میں 6 چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔

افتخار احمد اور عادل امین چھ، چھ رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔

خیبر پختونخوا کے آؤٹ ہونے والے پہلے بیٹر اوپنر فخر زمان تھے۔ وہ ایک کے انفرادی اسکور پر نسیم شاہ کی گیند پر ایل بی ڈبلیو آؤٹ ہوگئے تھے۔

اس سے قبل خیبر پختونخوا نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا تو سدرن پنجاب کی پوری ٹیم 19.4 اوورز میں 152 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ خیبر پختونخوا کے فاسٹ باؤلرز نے میچ کے آغاز سے ہی شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا۔

عمران رندھاوا کے علاوہ سدرن پنجاب کا کوئی بھی بیٹر عمران خان سینئر، شاہین شاہ آفریدی، ارشد اقبال اور محمد وسیم جونیئر پر مشتمل مضبوط باؤلنگ اٹیک کے سامنے زیادہ دیر کریز پر نہ ٹھہر سکا اور وقفے وقفے سے وکٹیں گرنے کا سلسلہ جاری۔

عمران رندھاوا 46 گیندوں پر 7 چوکوں اور ایک چھکے کی بدولت 54 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہے۔ حسان خان 25 اور خوشدل شاہ 24 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

اس دوران زین عباس 12، ذیشان اشرف 11، صہیب مقصود صفر، اعظم خان 14، عامر یامین 2، محمد الیاس 1 اور نسیم شاہ بغیر کوئی رن بنائے آؤٹ ہوئے۔

خیبر پختونخوا کے عمران خان سینئر نے 28 رنز کے عوض 4 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ شاہین شاہ آفریدی نے 3 جبکہ محمد وسیم جونیئر نے دو وکٹیں حاصل کیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager - Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.